© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

### آسان ترجمہ وتفسیر قرآن مجید — محمود النساء بیگم

ناشر: محترمہ خیر النساء بیگم، حیدرآباد، ملنے کا پتہ: جامعہ ریاض البنات، حیدرآباد

سنۂ اشاعت: ۲۰۱۷ء، صفحات، جلد اول: ۶۸۸، جلد دوم: ۹۹۶، قیمت درج نہیں۔

اسلامی علوم اور خاص طور پر قرآن مجید کے ترجمہ وتفسیر کے میدان میں خواتین کی خدمات سے عموماً اہلِ علم کو واقفیت نہیں ہے، حالاں کہ مختلف زبانوں میں خواتین کا کام بڑا قابل قدر ہے۔ عربی زبان میں قرآن مجید کی کئی مکمل تفسیریں ان کے قلم سے نکلی ہیں۔ یہی حال اردو زبان کا بھی ہے کہ اس میں قرآنیات کے مختلف پہلوؤں پر خواتین کی وقیع تصانیف موجود ہیں اور انھوں نے قرآن مجید کی مکمل یا جزئی تفسیریں بھی لکھی ہیں۔ زیر نظر کتاب ترجمہ قرآن وتفسیر حیدرآباد دکن کی ایک خاتون محترمہ محمود النساء بیگم کی علمی کاوش ہے۔

محمود النساء بیگم کی ولادت حیدرآباد دکن (انڈیا) میں ۱۸۹۸ء میں ہوئی۔ ان کے والد سید محمد یوسف الدین گلبرگہ کے صوبے دار تھے۔ ان کا نکاح سترہ (۱۷) برس کی عمر میں ہوا تھا اور تیس (۳۰) برس کی عمر میں وہ بیوہ ہوگئی تھیں۔ وہ لاولد تھیں۔ شوہر کے انتقال کے بعد انھوں نے خود کو قرآن مجید کی تعلیم کے لیے وقف کر دیا تھا۔ ان کی دلی خواہش تھی کہ لوگ قرآن مجید سمجھ کر پڑھیں اور اس پر عمل کریں۔ اسی مقصد سے انھوں نے مکمل قرآن مجید کا آسان ترجمہ اور مختصر تفسیر تیار کی تھی۔

اس ترجمہ وتفسیر کی اولین طباعت گورنمنٹ پرنٹنگ پریس حیدرآباد سے ۱۹۳۴ء میں ہوئی تھی۔ اس میں عربی متن شامل نہیں تھا۔ ترجمہ کو متن کے انداز پر شائع کیا گیا تھا اور صفحات کے کنارے حواشی نمبر ڈال کر تفسیری فوائد لکھے گئے تھے۔ پہلی طباعت میں اس کا نام 'آسان تفسیر قرآن مجید مع ترجمہ، احکام القرآن بہ اردو' رکھا گیا تھا۔ اب اس کی دوسری طباعت ان کی بھتیجی محترمہ خیر النساء بیگم، جنھیں انھوں نے منھ بولی بیٹی بنا لیا تھا اور اپنے ساتھ رکھ کر ان کی پرورش اور تربیت کی تھی، کی دل چسپی اور



© rasailojaraid.com